میرواعظ عمر فاروق کی سربراہی میں آل پارٹیز حریت کانفرنس کے وفد کی ایم کیو ایم کے رہنماؤں سے ملاقات

اسلام آباد۔۔24 جون 2008ء

آل پارٹیز حریت کانفرنس کے ایک وفد نے منگل کو اسلام آباد میں متحدہ قومی موومنٹ کے رہنماؤں سے ملاقات کی ۔ وفد کی قیادت حریت کانفرنس کے سربراہ میر واعظ عمر فاروق کررہے تھے جبکہ دیگر رہنماؤں میں عبدالغنی بھٹ ،سید یوسف نسیم اور پروفیسر اشرف صراف شامل تھے ۔ ایم کیو ایم کے وفد کی قیادت رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر وقومی اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار کررہے تھے وفد میں ارکان قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی ،ڈاکٹر ندیم احسان ،آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر وحق پرست رکن آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی سلیم بٹ بھی شامل تھے ۔ ملاقات تقریباً ڈیڑھ گھنٹہ جاری رہی جس میں مسئلہ کشمیر سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے بعد مشترکہ پریس کانفرنس میں ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین ،ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی اور اراکین پارلیمنٹ کی طرف سے آل پارٹیز حریت کانفرنس کے وفد کا خیر مقدم کرتے ہیں ۔انہوں نے کشمیری عوام کی خواہشات اور امنگوں سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے کہا کہ ہم سمجھتے ہیں کہ مسئلہ کشمیر دیرینہ مسئلہ ہے جس کا جلد حل ضروری ہے اور مسئلہ کشمیر کے پرامن اور پائیدار حل کیلئے کشمیر کے لوگوں کی شرکت اور مشاورت بہت ضروری ہے ۔انہوں نے کہا کہ امن واستحکام سے ہی خطے میں ترقی اور خوشحالی آسکتی ہے لہٰذا ہم سمجھتے ہیں کہ مذاکراتی عمل کو آگے بڑھنا چاہئے اور بات چیت اور سیاسی طریقہ کار سے دیرینہ مسئلہ کا حل نکالا جائے ۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ہماری خواہش ہے کہ مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے پاک بھارت حکومتوں کے ساتھ ساتھ دونوں اطراف کے کشمیریوں کو بھی مذاکرات کے عمل میں شریک کیا جائے اور مسئلے کو ان کی خواہش کے مطابق حل تلاش کیا جائے ۔آل پارٹیز حریت کانفرنس کے سربراہ میر واعظ عمر فاروق نے کہا کہ بنیادی لحاظ سے کشمیر کا مسئلہ کشمیریوں اور پاکستانیوں کا مشترکہ مسئلہ ہے ۔مسئلے کے حل کیلئے اگر آگے بڑھنا ہے تو ڈائیلاگ کا عمل جاری رہنا چاہئے ،ہم مسئلے کا حل چاہتے ہیں مسئلے کے حل کیلئے جو کوشش دونوں ملکوں نے شروع کی ہے حریت کانفرنس اس عمل کو آگے بڑھتا دیکھنا چاہتی ہے ۔انہوں نے کہا کہ ہمیں خوشی ہے کہ ڈاکٹر فاروق ستار نے ہمیں مسئلہ کشمیر کے حل کیلئے مکمل تعاون کا یقین دلایا ہے ۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم بھی کشمیریوں کو اس مسئلے کے حل میں شامل دیکھنا چاہتی ہے ۔انہوں نے کہا کہ ہم نے جب بھی کشمیریوں کے دل کی بات کی تو ایم کیو ایم کے سربراہ الطاف حسین نے ہمیشہ مذاکرات کے عمل میں کشمیریوں کی مشاورت کو لازمی قرار دیا جس پر ہم ان کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور ہم ان سے ملاقات بھی کریں گے ۔ایک سوال کے جواب میں انہوں کہا کہ کشمیر کا مسئلہ مختلف محاذوں پر لڑا جارہا ہے ۔انہوں نے کہا کہ ہم کشمیر کے تمام قائدین کو ملا کر آگے چلیں گے ۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اقوام متحدہ کی قرارداد ہمیں بنیاد فراہم کرتا ہے ،ہم اقوام متحدہ کی قرارداد کے ساتھ ساتھ دیگر طریقوں سے بھی کشمیر کا مسئلے کا حل چاہتے ہیں ۔

آل پاکستان اخبار فروش فیڈریشن کے نمائندہ وفد کی عبدالحسیب سے ملاقات

کراچی ۔۔۔24، جون 2008ء

آل پاکستان اخبار فروش فیڈریشن کے صدر سید افضال شاہ کی سربراہی میں انجمن امداد یہ اخبار فروشاں کے ایک نمائندہ وفد نے گزشتہ روز ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو پر رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب سے ملاقات کی اور انہیں اخبار فروشوں کے مسائل سے آگاہ کیا ۔ وفد میں انجمن امدادیہ اخبار فروشاں کے صدر عبدالرحیم پہلوان ، جنرل سیکریٹری حمید ڈاڈا ، نائب صدر چودھری نذیر ، جوائنٹ سیکریٹری ناصر نثار اور مرکزی عہدیداران شامل تھے ۔ ملاقات میں وفد نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ولولہ انگیز جدوجہد کو سراہا اور متحدہ قومی موومنٹ کی عوامی خدمات پر اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا ۔ رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب نے اخبار فروش تنظیموں کے مسائل کو توجہ سے سنا اور ان کے حل کیلئے اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا

ایم کیو ایم کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔24 جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 82 کے کارکن ندیم احمد شہید کے والد سلیم احمد ، بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے رکن محمد یاسین کی والدہ چھوٹی بیگم ، ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 182 کے کارکن افتخار عالم کی والدہ رضیہ بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے ۔

☆☆☆☆☆